© rasailojaraid.com

اپنے موضوع پر یہ کتاب نہایت عمدہ ہے اور اپنے معزز قارئین سے ہم اس کے مطالعہ کی سفارش کرتے ہیں۔

## اصح السیر فی ہدی خیر البشر

مصنف: مولانا حکیم ابو البرکات عبد الرؤف قادری دانا پوری

ناشر: نور محمد۔ اصح المطابع و کارخانہ تجارت کتب۔ آرام باغ کراچی۔

صفحات: ۶۵۶ ۔ قیمت درج نہیں۔

سیرتِ رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم پر اردو زبان میں بے شمار کتابیں لکھی گئی ہیں۔ ان میں سے بعض مفصل بھی ہیں اور بعض مختصر بھی۔ ہر کتاب اپنی جگہ ایک نمایاں خصوصیت اور منفرد اسلوب کی حامل ہے۔ ان کتابوں میں مولانا حکیم عبد الرؤف دانا پوری مرحوم کی زیر تبصرہ کتاب خاص اہمیت کی مالک ہے۔ اس میں انھوں نے اس مقدس موضوع پر جو مواد جمع کیا ہے، اس سے اندازہ ہوتا ہے کہ اس کتاب کی ترتیب و تصنیف میں کمال محنت اور انتہائی عرق ریزی سے کام لیا گیا ہے۔

ابتدا میں قرآن کریم کی حفاظت، کتابتِ وحی، سورتوں اور آیتوں کی ترتیب، حفاظ قرآن، سُننِ رسول ﷺ، اس کی تدوین و ترتیب اور اس ضمن میں محدثین اور اصحاب سیر کی طرف سے احتیاط، سیرت کا تحریری مواد، اس کی تدوین وغیرہ ضروری امور پر بڑی عمدہ بحث کی گئی ہے۔ پھر قدیم عرب، فرمانروایانِ سبا و حمیر، قوم تبع اور ملوک غسان کا تذکرہ ہے۔ اس کے بعد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی حیاتِ طیبہ کو اس انداز سے بیان کیا گیا ہے کہ تمام واقعات بہترین ترتیب سے معرضِ تحریر میں آ گئے ہیں۔ مغازی کا حصہ بھی تفصیل اور وضاحت سے آ گیا ہے اور باقی چیزیں بھی بصراحت موجود ہیں۔ ساتھ ہی ساتھ حالات کی رعایت سے فقہی مسائل بھی دلنشین نہج و ترتیب سے بیان کر دیے گئے ہیں۔

کتب خانہ نور محمد عرصہ سے نشر و اشاعت کے ذریعے خدمتِ دین میں مصروف ہے اور اس کی مطبوعات بڑی اہمیت کی حامل ہیں۔ سیرت کے موضوع سے متعلق اس ادارہ کی یہ کتاب ہر لحاظ سے قابلِ قدر ہے۔ ہم اپنے قارئین سے عرض کریں گے کہ اس کتاب کا مطالعہ کریں اور اس کے مضامین سے مستفید ہوں۔

## کتابتِ حدیث تا عہدِ تابعین

مرتب: محمد خالد سیف۔ ناشر: ادارہ علوم اثریہ۔ لائل پور

© rasailojaraid.com